دوبارہ نوٹس بولی برائے موبائل کو لیکشن کاؤنٹر

زیر دستخطی کو سنٹرل جیل مردان کیلئے برائے رواں مالی سال 25-2024 خیبر پختونخواہ ریونیو اتھارٹی (KPRA) کے ساتھ رجسٹرڈ شدہ ٹھیکیداروں / فرموں سے سنٹرل جیل مین گیٹ کے باہر موبائل کو لیکشن پوائنٹ / کاؤنٹر کے ماہانہ کرایہ کے لیئے بولی مطلوب ہیں۔ بولی مورخہ 17.12.2024 بروز منگل بوقت 11:00 بجے بمقام سنٹرل جیل مردان میں ہوگی۔ جس کے لیئے بولی دہندگان یا ان کے مجاز نمائندہ گان کی موجودگی لازمی ہے۔ یہ بولی نوٹس خیبر پختون خواہ پبلک پریکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کی ویب سائٹ(WWW.KPPRA.GOV.PK) اور انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات خیبر پختونخواہ کی ویب سائٹ (WWW.PRISONS.KP.GOV.PK) پر بھی دستیاب ہے۔

شرائط بولی:-

1. بولی کے وقت بولی دہندہ کو -/10000 (دس ہزار) روپے بطور کال ڈیپازٹ (قابل واپسی) بنام زیر دستخطی پیش کرنا ہوگا۔
2. کامیاب بولی دہندہ کو موبائل کو لیکشن پوائنٹ / کاؤنٹر کی سہولت دفتر ہذا مہیا کرے گا۔
3. کامیاب بولی دہندہ کو مبلغ -/30000 روپے بطور سیکورٹی کال ڈیپازٹ بنام زیر دستخطی جمع کرانا ہوگا۔
4. مذکورہ کو لیکشن پوائنٹ / کاؤنٹر کا عرصہ نیلامی تاریخ منظوری سے لیکر 30.06.2025 تک ہوگی۔
5. کامیاب بولی دہندہ کو محکمہ جیل خانہ جات کے قواعد وضوابط کی مکمل پاسداری / پابندی کرنا ہوگی۔
6. ماہانہ کرایہ ہرماہ کی 5 تاریخ تک جمع کرانا ہوگا۔ تاخیر کی صورت میں ہر ماہ کے کرایہ پر %10 جرمانہ عائد کیا جائے گا۔
7. فی موبائل کرایہ 20 روپے سے زائد نہیں لیا جائے گا۔
8. موبائل، میموری کارڈ، سم کارڈ اور ہینڈ پری کے علاوہ غیر ضروری یا ممنوعہ اشیاء کو لیکشن پوائنٹ / کاؤنٹر میں جمع نہیں کرنی ہوں گی۔
9. کامیاب بولی دہندہ کو 200 روپے کے سٹامپ پیپر پر زیر دستخطی کو ایک ہفتے کے اندر اندر ایگریمنٹ ڈیڈ پیش کرنا ہوگا۔
10. زیر دستخطی یا انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات خیبر پختونخواہ وجہ بتا کر بولی کو جزوی یا کلی طور پر مسترد کر سکتے ہیں
11. تمام جمع شدہ کال ڈیپازٹ تصدیق کیلئے متعلقہ بینک کو ارسال کئے جائینگے اور بغیر تصدیق کے کوئی بھی کال ڈیپازٹ واپس نہیں کیا جائے گا۔ اور دوران تصدیق کوئی کال ڈیپازٹ جعلی قرار پایا گیا تو متعلقہ ٹھیکدار کے خلاف بینک رولز اور حکومت پاکستان کے مروجہ قانون کے مطابق محکمانہ کاروائی کا اختیار حاصل ہوگا۔
12. موبائل وغیرہ اشیاء کی گمشدگی یا نقصان تمام تر ذمہ داری ٹھیکدار / بولی دہندہ پر ہوگی۔ سنٹرل جیل انتظامیہ کسی قسم کی ذمہ داری سے مستثنیٰ / مبرا ہوگی۔

المشتہر: سپرنٹنڈنٹ سنٹرل جیل مردان

فون / فیکس نمبر: 0937-843114

CamScanner